قال فما خطبکم 27

القرآن الکریم

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

www.KitaboSunnat.com

نگہت ہاشمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- **کتاب وسنت ڈاٹ کام** پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- **مجلس التحقیق الاسلامی** کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد **(Upload)** کی جاتی ہیں۔
- **دعوتی مقاصد** کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ **(Download)** کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ

اُس نے کہا | تو آپ کا کیا معاملہ ہے | اے بھیجے ہوئے لوگو (فرشتو) | انھوں نے کہا | بلاشبہ ہمیں

ابراہیم نے کہا: ”اے (فرشتو)! آپ کا کیا معاملہ ہے؟“ (31) اُنھوں نے کہا: ”بلاشبہ ہمیں

اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً

بھیجا گیا | لوگوں کی جانب | گناہ گار | تاکہ ہم پھینکیں | ان پر | پتھر

گناہ گار لوگوں کی جانب بھیجا گیا ہے۔“ (32) تاکہ ہم اُن پر مٹی کے پتھر

مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۳﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾

مٹی کے | نشان زدہ | آپ کے رب کی جناب سے | حد سے گزرنے والوں کے لیے

پھینکیں۔ (33) جو حد سے گزرنے والوں کے لئے آپ کے رب کی جناب سے نشان زدہ ہیں۔ (34)

فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَا وَجَدْنَا

سو ہم نے نکال لیا | جو | تھے | اس میں | ایمان والوں میں سے | تو نہ | پایا ہم نے

سو ہم نے اس میں جو ایمان والا تھا اسے نکال لیا۔ (35) تو ہم نے

فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً

اس میں | سوائے ایک گھر کے | مسلمانوں میں سے | اور ہم نے چھوڑ دی | اس میں | ایک نشانی

اس میں مسلمانوں کے ایک گھر کے سوا کوئی نہ پایا۔ (36) اور ہم نے اُس میں اُن لوگوں کے لیے نشانی چھوڑ دی

لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۳۷﴾ وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ

ان لوگوں کے لیے جو | ڈرتے ہیں | عذاب سے | دردناک | اور موسیٰ میں | جب

جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں۔ (37) اور موسیٰ میں (بھی ایک نشانی ہے)۔ جب

اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ

بھیجا ہم نے اس کو | طرف فرعون کی | واضح دلیل کے ساتھ | تو اُس نے منہ پھیر لیا | اپنے اقتدار کی وجہ سے

ہم نے اُسے واضح دلیل کے ساتھ فرعون کے پاس بھیجا۔ (38) تو اُس نے اپنے اقتدار کی وجہ سے منہ پھیر لیا

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ

اور اُس نے کہا جادو گر ہے یا دیوانہ ہے چنانچہ پکڑ لیا ہم نے اُس کو اور اس کے لشکروں کو

اور کہا: ”جادو گر ہے یا دیوانہ ہے۔“ (39) چنانچہ ہم نے اُسے اور اُس کے لشکروں کو آ پکڑا،

فَنَبَذْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾

پھر پھینک دیا ہم نے انہیں سمندر میں اس حال میں کہ وہ قابل ملامت کام کرنے والا تھا

پھر ہم نے اُنہیں سمندر میں پھینک دیا اس حال میں کہ وہ قابل ملامت کام کرنے والا تھا۔ (40)

وَفِىْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾ مَا تَذَرُ

اور عاد میں بھی جب بھیجی ہم نے اُن پر ہوا بانجھ (بے برکت) نہ وہ چھوڑتی تھی

اور عاد میں بھی (ایک نشانی ہے)۔ جب اُن پر ہم نے ایک بے برکت ہوا بھیجی۔ (41) کسی چیز کو وہ نہ چھوڑتی تھی

مِنْ شَىْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿۴۲﴾

کسی چیز کو وہ گذرتی تھی جس پر مگر وہ کر دیتی تھی اسے بوسیدہ ہڈی جیسا

وہ جس پر سے بھی گزرتی اسے بوسیدہ ہڈی جیسا بنا چھوڑتی۔ (42)

وَفِىْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۴۳﴾ فَعَتَوْا

اور ثمود میں بھی جب کہا گیا اُن سے تم فائدہ اٹھالو ایک وقت تک پھر اُنہوں نے سرکشی کی

اور ثمود میں بھی (ایک نشانی ہے)۔ جب اُن سے کہا گیا: ”ایک وقت تک فائدہ اٹھالو۔“ (43) سو اُنہوں نے

عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾

اپنے رب کے حکم سے تو پکڑ لیا انہیں کڑک نے اور وہ دیکھ رہے تھے

اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی، تو ایک زبردست کڑک نے اُنہیں جا پکڑا اور وہ دیکھ رہے تھے۔ (44)

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿۴۵﴾

پھر نہ انہوں نے طاقت پائی کسی طرح کھڑے ہونے کی اور نہ تھے وہ بدلہ لینے والے

پھر نہ انہوں نے کسی طرح کھڑے ہونے کی طاقت پائی اور نہ ہی وہ بدلہ لینے والے تھے۔ (45)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

ع ۲ ۲۳ ۱

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۴۶

اور قومِ نوح کو | اس سے پہلے | یقیناً وہ | تھے | لوگ | نافرمان

اور ان سے پہلے نوح کی قوم کو (ہم نے ہلاک کیا) یقیناً وہ بھی نافرمان لوگ تھے۔(46)

وَالسَّمَاۗءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۴۷ وَالْاَرْضَ

اور آسمان کو | بنایا ہم نے | اپنی قدرت سے | اور یقیناً ہم ہی | بلاشبہ وسعت والے ہیں | اور زمین کو

اور ہم نے آسمان کو اپنی قدرت سے بنایا اور یقیناً ہم ہی بلاشبہ وسعت والے ہیں۔(47) اور زمین کو

فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۴۸ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا

بچھایا ہم نے اُسے | اچھے ہیں | بچھانے والے | اور ہر چیز میں سے | پیدا کیا ہم نے

ہم نے بچھایا، سو کیا ہی اچھا بچھانے والے ہیں۔(48) اور ہر چیز سے ہم نے جوڑا جوڑا پیدا کیا ہے

زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۴۹ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّيْ

جوڑا جوڑا | تاکہ تم | سبق حاصل کرو | تو تم دوڑو | اللہ تعالیٰ کی طرف | بلاشبہ میں

تاکہ تم سبق حاصل کرو۔(49) تو اللہ تعالیٰ کی طرف دوڑو، بلاشبہ میں تمھیں

لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۵۰ ۚ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ

تمہارے لیے | اس کی طرف سے | ڈرانے والا ہوں | کھلا | اور نہ تم بناؤ | اللہ تعالیٰ کے ساتھ

اس کی طرف سے کھلا ڈرانے والا ہوں۔(50) اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ بناؤ۔

اِلٰـهًا اٰخَرَ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۵۱ ۚ

معبود | دوسرا | یقیناً میں | تمہارے لیے | اس کی طرف سے | ڈرانے والا ہوں | کھلا

یقیناً میں تمہارے لیے اس کی طرف سے کھلا ڈرانے والا ہوں۔(51)

كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ

اسی طرح | نہیں | آیا | اُن لوگوں (کے پاس) جو | ان سے پہلے تھے | کوئی رسول

اسی طرح اُن لوگوں کے پاس جو ان سے پہلے تھے، کوئی رسول نہیں آیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِلَّا	قَالُوْا	سَاحِرٌ	اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾	اَتَوَاصَوْا
مگر	انہوں نے کہا	جادوگر ہے	یا دیوانہ ہے	کیا انہوں نے ایک دوسرے کو وصیت کی ہے

مگر انہوں نے کہا: "یہ جادوگر ہے یا دیوانہ ہے۔" (52) کیا انہوں نے اس بات کی ایک دوسرے کو وصیت کی ہے؟

بِهٖ	بَلْ	هُمْ	قَوْمٌ	طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾	فَتَوَلَّ	عَنْهُمْ
اس کی	بلکہ	وہ سب	لوگ ہیں	سرکش	چنانچہ آپ منہ موڑیں	اُن سے

بلکہ وہ سب سرکش لوگ ہیں۔ (53) آپ اُن سے منہ موڑیں

فَمَآ	اَنْتَ	بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾	وَّذَكِّرْ	فَاِنَّ	الذِّكْرٰى
پھر نہیں	آپ	ہرگز ملامت کیے ہوئے	اور آپ نصیحت کریں	یقیناً	نصیحت

کہ آپ ہرگز ملامت کیے ہوئے نہیں ہیں۔ (54) اور نصیحت کریں، یقیناً نصیحت

تَنْفَعُ	الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾	وَمَا	خَلَقْتُ	الْجِنَّ	وَالْاِنْسَ
فائدہ دیتی ہے	ایمان والوں کو	اور نہیں	پیدا کیا میں نے	جنوں کو	اور انسانوں کو

ایمان والوں کو فائدہ دیتی ہے۔ (55) اور میں نے جنوں اور انسانوں کو پیدا کیا ہے

اِلَّا	لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾	مَآ	اُرِيْدُ	مِنْهُمْ	مِّنْ رِّزْقٍ	وَّمَآ
مگر	تاکہ وہ عبادت کریں میری	نہیں	میں ارادہ رکھتا	ان سے	رزق کا	اور نہ ہی

تاکہ وہ میری عبادت کریں۔ (56) نہیں میں ارادہ رکھتا اُن سے رزق کا اور نہ ہی

اُرِيْدُ	اَنْ	يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الرَّزَّاقُ
میں ارادہ رکھتا ہوں	یہ کہ	وہ کھلائیں مجھے	بلاشبہ	اللہ تعالیٰ	وہ	بے حد رزق دینے والا

میں ارادہ رکھتا ہوں کہ وہ مجھے کھلائیں۔ (57) بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی بے حد رزق دینے والا،

ذُو الْقُوَّةِ	الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾	فَاِنَّ	لِلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	ذَنُوْبًا
طاقت والا	نہایت مضبوط ہے	چنانچہ یقیناً	اُن لوگوں کے لیے	جنہوں نے ظلم کیا	حصہ ہے

طاقت والا، نہایت مضبوط ہے۔ (58) چنانچہ یقیناً اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے ظلم کیا، اُن کے لئے بھی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ۝۵۹ فَوَيْلٌ

جیسا | حصہ ہے | اُن کے دوستوں کا | چنانچہ نہ | وہ جلدی طلب کریں مجھ سے | پھر بلاشبہ تباہی ہے

اُن کے دوستوں کے حصے جیسا حصہ ہے، چنانچہ وہ مجھ سے جلدی طلب نہ کریں۔(59) پھر بلاشبہ

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝۶۰ ع

ع ۳ ۱۴ ۲

اُن لوگوں کے لیے | جنھوں نے کفر کیا | ان کے دن سے | جس کا | وہ وعدہ دیے جاتے ہیں

اُن لوگوں کے لیے جنھوں نے کفر کیا تباہی ہے، اُن کے اس دن سے جس کا وہ وعدہ دیے جاتے ہیں۔(60)

ایاتها ۴۹ | ۵۲ سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ ۷۶ | رکوعاتها ۲

سورہ طور مکی ہے اس میں انچاس آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

وَالطُّوْرِ ۝۱ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝۲ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝۳

قسم ہے طور کی | اور ایک کتاب کی | لکھی ہوئی | کاغذ میں | کھلا ہوا ہے

قسم ہے طور کی!(1) اور لکھی ہوئی ایک کتاب کی!(2) ایسے کاغذ میں جو کھلا ہوا ہے۔(3)

وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۝۴ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۝۵ وَالْبَحْرِ

اور گھر کی | آباد | اور چھت کی | اونچی اُٹھائی ہوئی | اور سمندر کی

اور آباد گھر کی!(4) اور اونچی اٹھائی ہوئی چھت کی!(5)

الْمَسْجُوْرِ ۝۶ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝۷ مَّا

لبالب بھرے ہوئے | بلاشبہ | عذاب | آپ کے رب کا | ضرور واقع ہونے والا ہے | نہیں

اور لبالب بھرے ہوئے سمندر کی!(6) بلاشبہ آپ کے رب کا عذاب ضرور واقع ہونے والا ہے۔(7)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ﴿٨﴾ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ﴿٩﴾ وَّتَسِيْرُ

اس کو | کوئی روکنے والا | جس دن | لرزے گا | آسمان | سخت لرزنا | اور چلیں گے

اسے کوئی روکنے والا نہیں ہے۔(8) جس دن آسمان لرزے گا، سخت لرزنا۔(9)

الْجِبَالُ سَيْرًا ﴿١٠﴾ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١١﴾

پہاڑ | بہت چلنا | چنانچہ بڑی تباہی ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے

اور پہاڑ چلیں گے، بہت چلنا۔(10) چنانچہ اُس دن جھٹلانے والوں کے لئے بڑی تباہی ہے۔(11)

الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ﴿١٢﴾ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ

وہ لوگ جو | وہ سب | فضول بحث میں | اچھل کود رہے ہیں | جس دن | دھکیلا جائے گا انہیں

جو فضول بحث میں اچھل کود رہے ہیں۔(12) جس دن اُنہیں دھکیلا جائے گا

اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿١٣﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا

طرف آگ کی | جہنم کی | سخت دھکیلا جانا | یہ ہے | آگ | جسے | تھے تم | اس کو

جہنم کی آگ کی طرف، سخت دھکیلا جانا۔(13) یہ ہے وہ آگ جسے

تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٤﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿١٥﴾ ج

جھٹلاتے | تو کیا جادو ہے | یہ | یا | تم | نہیں | دیکھتے

تم جھٹلاتے تھے۔(14) تو کیا یہ جادو ہے یا تم دیکھتے ہی نہیں؟(15)

اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا

اس جہنم میں داخل ہو جاؤ | پھر تم صبر کرو | یا | نہ تم صبر کرو | برابر ہے | تم پر | یقیناً

اُس جہنم میں داخل ہو جاؤ، پھر تم صبر کرو یا نہ کرو، تم پر برابر ہے۔

تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

تمہیں بدلہ دیا جا رہا ہے | (ان ہی کا) جو | تھے تم | عمل کیا کرتے | بلاشبہ | متقی لوگ

تمہیں اُنہی اعمال کا بدلہ دیا جا رہا ہے جو تم کیا کرتے تھے۔(16) متقی لوگ بلاشبہ

وقف لازم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فِیۡ جَنّٰتٍ وَّ نَعِیۡمٍ ﴿۱۷﴾ فٰکِہِیۡنَ بِمَاۤ اٰتٰہُمۡ

باغوں میں ہوں گے | اور بڑی نعمتوں میں | لطف اندوز ہونے والے | اس سے جو | انہیں دیا

باغوں اور بڑی نعمتوں میں ہوں گے۔(17) وہ اُن نعمتوں سے لطف اندوز ہونے والے ہوں گے اس سے جو

رَبُّہُمۡ ۚ وَ وَقٰہُمۡ رَبُّہُمۡ عَذَابَ الۡجَحِیۡمِ ﴿۱۸﴾ کُلُوۡا

ان کے رب نے | اور بچالیا انہیں | ان کے رب نے | عذاب سے | بھڑکتی ہوئی | کھاؤ

اُن کے رب نے انہیں دیا، اور اُن کے رب نے اُنہیں بھڑکتی ہوئی آگ کے عذاب سے بچالیا ہے۔(18)

وَ اشۡرَبُوۡا ہَنِیۡٓـئًۢا بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۹﴾ مُتَّکِـِٕیۡنَ

اور پیو | خوب مزے سے | اس کے بدلے میں جو | تھے تم | عمل کیا کرتے | تکیے لگائے ہوئے

خوب مزے سے کھاؤ اور پیو اُس بدلے کے میں جو تم عمل کیا کرتے تھے۔(1 9) وہ صف بہ صف

عَلٰی سُرُرٍ مَّصۡفُوۡفَۃٍ ۚ وَ زَوَّجۡنٰہُمۡ بِحُوۡرٍ عِیۡنٍ ﴿۲۰﴾ وَ الَّذِیۡنَ

تختوں پر | صف بہ صف | اور نکاح کردیا ہم نے ان کا | سفید رنگت والی | بڑی آنکھوں والی | اور وہ لوگ جو

تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے اور ہم نے ان کا نکاح کردیا سفید رنگت اور بڑی آنکھوں والی حوروں سے۔(20)

اٰمَنُوۡا وَ اتَّبَعَتۡہُمۡ ذُرِّیَّتُہُمۡ بِاِیۡمَانٍ اَلۡحَقۡنَا بِہِمۡ

ایمان لائے | اور پیچھے چلی | ان کی اولاد | ایمان کے ساتھ | ہم ملادیں گے ان کے ساتھ

اور جو لوگ ایمان لائے اور اُن کی اولاد جو ایمان کے ساتھ ان کے پیچھے چلی، ہم ان کی اولاد کو

ذُرِّیَّتَہُمۡ وَ مَاۤ اَلَتۡنٰہُمۡ مِّنۡ عَمَلِہِمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ ؕ

ان کی اولاد کو | اور نہ | ہم کمی کریں گے ان سے | ان کے عمل میں سے | کچھ بھی

ان کے ساتھ ملادیں گے اور اُن کے عمل میں سے کچھ بھی کمی نہ کریں گے۔

کُلُّ امۡرِیًٔۢ بِمَا کَسَبَ رَہِیۡنٌ ﴿۲۱﴾ وَ اَمۡدَدۡنٰہُمۡ

ہر شخص | بدلے اس کے جو | اس نے کمایا | گروی رکھا ہوا ہے | اور ہم زیادہ دیں گے ان کو

ہر شخص اس کے بدلے جو اس نے کمایا گروی رکھا ہوا ہے۔(21) اور جو پھل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ﴿٢٢﴾ يَتَنَازَعُونَ فِيهَا

پھل | اور گوشت | اس میں سے جو | وہ چاہیں گے | وہ ایک دوسرے سے چھینیں جھپٹیں گے | اس میں

اور گوشت وہ چاہیں گے ہم انہیں زیادہ دیتے رہیں گے۔(22) وہ ایک دوسرے سے جام شراب چھینیں جھپٹیں گے

كَأْسًا لَّا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ ﴿٢٣﴾ وَيَطُوفُ

جام | نہیں (ہوگی) | کوئی بے ہودہ گوئی | اس میں | اور نہ | گناہ میں ڈالنا | اور چکر لگاتے رہیں گے

جس میں نہ بے ہودہ گوئی ہوگی اور نہ گناہ میں ڈالنا۔(23) اور اُن کے لیے

عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُونٌ ﴿٢٤﴾

ان پر | نوعمر غلام | ان کے لیے | گویا کہ وہ سب | موتی ہوں | چھپا کر رکھے ہوئے

نوعمر غلام پھر رہے ہوں گے گویا وہ چھپا کر رکھے موتی ہوں۔(24)

وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿٢٥﴾

اور متوجہ ہوں گے | بعض ان کے | اوپر بعض کے | وہ ایک دوسرے سے سوال کرتے ہوں گے

اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوں گے، وہ ایک دوسرے سے سوال کرتے ہوں گے۔(25)

قَالُوا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِي أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ ﴿٢٦﴾ فَمَنَّ

وہ کہیں گے | بلاشبہ ہم | تھے | پہلے | اپنے اہل و عیال میں | ڈرنے والے | چنانچہ احسان کیا

وہ کہیں گے: ”اس سے پہلے ہم اپنے اہل و عیال میں ڈرنے والے تھے۔(26) چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ہم پر احسان کیا

اللَّهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُومِ ﴿٢٧﴾ إِنَّا كُنَّا

اللہ تعالیٰ نے | ہم پر | اور اس نے بچالیا ہمیں | زہریلی لو کے عذاب سے | بلاشبہ ہم | تھے

اور ہمیں زہریلی لو کے عذاب سے بچا لیا۔(27) بلاشبہ ہم پہلے ہی

مِن قَبْلُ نَدْعُوهُ ۖ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ ﴿٢٨﴾ ع

پہلے سے | دعائیں مانگتے اس سے | یقیناً وہ | وہ | بہت احسان کرنے والا | نہایت رحم والا ہے

اس سے دُعائیں کیا کرتے تھے۔ یقیناً وہ بہت احسان کرنے والا، نہایت رحم والا ہے۔“(28)

ع ۱ ۳۸ ۳

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا

پس آپ نصیحت کریں | پھر ہرگز نہیں | آپ | فضل سے | اپنے رب کے | کاہن | اور نہ

پس آپ نصیحت کریں کہ اپنے رب کے فضل سے آپ ہرگز نہ کاہن ہیں

مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ

دیوانہ | کیا | وہ کہتے ہیں | ایک شاعر ہے | ہم انتظار کرتے ہیں | اس کے بارے میں

اور نہ ہی دیوانے ہیں۔(29) کیا وہ کہتے ہیں کہ یہ ایک شاعر ہے۔ جس پر ہم

رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ

گردش زمانہ کا | آپ کہہ دو | انتظار کرو | پس بلاشبہ میں | تمہارے ساتھ ہوں

گردشِ زمانہ کا انتظار کرتے ہیں۔(30) آپ کہہ دیں کہ تم بھی انتظار کرو، پس بلاشبہ میں بھی تمہارے ساتھ ہی

مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿۳۱﴾ اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ

انتظار کرنے والوں میں سے | یا | حکم دیتی ہیں انہیں | عقلیں ان کی | اس کا | یا وہ

انتظار کرنے والوں میں سے ہوں۔(31) یا اُن کی عقل اُنہیں یہی حکم دیتی ہے یا وہ

قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾ج اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ج بَلْ

لوگ ہیں | حد سے گزرنے والے | یا | وہ کہتے ہیں | اس نے خود ہی گھڑ لیا ہے اس کو | بلکہ

لوگ ہی حد سے گزرنے والے ہیں؟(32) یا وہ کہتے ہیں کہ اس نے خود ہی اُسے گھڑ لیا ہے؟ بلکہ

لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ج فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا

نہیں وہ ایمان لاتے | چنانچہ وہ لے آئیں | ایک بات | اس جیسی | اگر | ہیں وہ

وہ ایمان ہی نہیں لاتے۔(33) چنانچہ اگر وہ سچے ہیں تو اس جیسی ایک بات ہی

صٰدِقِيْنَ ﴿۳۴﴾ اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

سچے | کیا | وہ پیدا کیے گئے ہیں | بغیر کسی چیز (خالق) کے | یا وہ | پیدا کرنے والے ہیں

بنا کر لے آئیں۔(34) کیا وہ کسی (خالق) کے بغیر ہی پیدا کیے گئے ہیں یا وہ خود ہی پیدا کرنے والے ہیں؟(35)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ ۚ بَل لَّا يُوقِنُونَ ﴿٣٦﴾

یا | انہوں نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | بلکہ | نہیں وہ یقین کرتے

یا آسمانوں اور زمین کو اُنہوں نے پیدا کیا ہے؟ بلکہ وہ یقین ہی نہیں رکھتے۔(36)

أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ ﴿٣٧﴾

یا | ان کے پاس ہیں | خزانے | آپ کے رب کے | یا وہی | حکم چلانے والے ہیں

یا اُن کے پاس آپ کے رب کے خزانے ہیں یا وہی حکم چلانے والے ہیں؟(37)

أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَسْتَمِعُونَ فِيهِ ۖ فَلْيَأْتِ

یا | ان کے پاس | کوئی سیڑھی ہے | وہ غور سے سنتے ہوں | جس پر (چڑھ کر) | تو چاہیے کہ لے آئے

یا اُن کے پاس کوئی سیڑھی ہے جس پر (چڑھ کر) وہ غور سے سنتے ہیں؟

مُسْتَمِعُهُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿٣٨﴾ أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ

ان کا سننے والا | دلیل | واضح | کیا | اس کے لیے ہیں | بیٹیاں

تو ان کے سننے والے کو چاہیے کہ واضح دلیل لائے۔(38) کیا اس کے لیے بیٹیاں ہیں

وَلَكُمُ الْبَنُونَ ﴿٣٩﴾ أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم

اور تمہارے لیے | بیٹے | یا | آپ مانگتے ہیں ان سے | کوئی اجرت | پھر وہ

اور تمہارے لیے بیٹے؟(39) یا آپ اُن سے کوئی اُجرت مانگتے ہیں؟

مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ ﴿٤٠﴾ أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ

تاوان سے | بوجھل کیے جانے والے ہیں | یا | ان کے پاس | کوئی غیب ہے | پس وہ

کہ وہ تاوان سے بوجھل کیے جانے والے ہیں۔(40) یا اُن کے پاس کوئی غیب ہے

يَكْتُبُونَ ﴿٤١﴾ أَمْ يُرِيدُونَ كَيْدًا ۖ فَالَّذِينَ كَفَرُوا

لکھتے ہیں | یا | وہ ارادہ رکھتے ہیں | کسی چال کا | تو وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا

کہ وہ لکھتے ہیں؟(41) یا وہ کسی چال کا ارادہ رکھتے ہیں؟ تو جن لوگوں نے کفر کیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

هُمُ الْمَكِيدُونَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ

وہی | چال میں آنے والے ہیں | یا | ان کے لیے | کوئی معبود ہے | سوائے اللہ تعالیٰ کے

وہی چال میں آنے والے ہیں۔(42) یا ان کے لیے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود ہے؟

سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٤٣﴾ وَإِن يَرَوْا كِسْفًا

پاک ہے | اللہ تعالیٰ | اس سے جو | وہ شرک کرتے ہیں | اور اگر | وہ دیکھیں | ایک ٹکڑا

پاک ہے اللہ تعالیٰ اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں۔(43) اور اگر وہ

مِّنَ السَّمَاءِ سَاقِطًا يَقُولُوا سَحَابٌ مَّرْكُومٌ ﴿٤٤﴾ فَذَرْهُمْ

آسمان سے | گرتا ہوا | وہ کہیں گے | بادل ہیں | تہ بہ تہ | چنانچہ آپ چھوڑ دو انہیں

آسمان سے ایک ٹکڑا گرتا بھی دیکھیں تو کہیں گے: "تہ بہ تہ بادل ہیں۔"(44)

حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ ﴿٤٥﴾

یہاں تک کہ | وہ جاملیں | اپنے اس دن کو | وہ جو | جس میں | وہ بے ہوش کیے جائیں گے

چنانچہ آپ انہیں چھوڑ دیں حتی کہ اُس دن کو جاملیں جس میں

يَوْمَ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَلَا هُمْ

جس دن | نہیں کام آئے گی | ان کے | ان کی اپنی تدبیر | کچھ بھی | اور نہ ہی | ان کی

وہ بے ہوش کیے جائیں گے۔(45) جس دن اُن کی اپنی تدبیر ہی اُن کے کچھ کام نہیں آئے گی

يُنصَرُونَ ﴿٤٦﴾ وَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا عَذَابًا دُونَ

مدد کی جائے گی | اور بلاشبہ | ان لوگوں کے لیے | جنہوں نے ظلم کیا | عذاب ہے | علاوہ

اور نہ ہی اُن کی مدد کی جائے گی۔(46) اور جن لوگوں نے ظلم کیا ہے، بلاشبہ اُن کے لیے اس (آخرت) کے علاوہ بھی

ذَٰلِكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٧﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ

اس کے | اور لیکن | ان کی اکثریت | نہیں وہ جانتی | اور آپ صبر کریں | حکم آنے تک

ایک عذاب ہے لیکن اُن کی اکثریت نہیں جانتی۔(47) اور اپنے رب کا حکم آنے تک آپ صبر کریں،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

اپنے رب کا | بے شک آپ | ہماری نگاہوں میں ہیں | اور آپ تسبیح کریں | ساتھ اپنے رب کی حمد کے

بے شک آپ ہماری نگاہوں میں ہیں، اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ آپ تسبیح کیا کریں،

حِينَ تَقُومُ ﴿٤٨﴾ وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ ﴿٤٩﴾ ع

جب | آپ اٹھیں | اور رات کو بھی | پھر آپ تسبیح کریں اس کی | اور ستاروں کے جانے کے بعد

جب آپ اُٹھیں۔(48) اور رات کو بھی اُس کی تسبیح کریں اور ستاروں کے جانے کے بعد بھی۔(49)

ع ۲ / ۳

آیاتها ۶۲ | ۵۳ سُورَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ ۲۳ | رکوعاتها ۳

سورہ نجم مکی ہے اس میں باسٹھ آیات اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَىٰ ﴿١﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَىٰ ﴿٢﴾

قسم ہے تارے کی | جب | وہ گرے | نہ بھٹکا ہے | تمہارا ساتھی | اور نہ | وہ بہکا ہے

قسم ہے تارے کی جب وہ گرے!(1) تمہارا ساتھی نہ ہی بھٹکا ہے اور نہ ہی بہکا ہے۔(2)

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ﴿٣﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ﴿٤﴾

اور نہیں | وہ بات کرتا | خواہش سے | نہیں | وہ | مگر | ایک وحی | نازل کی جاتی ہے

اور وہ اپنی خواہش سے بات نہیں کہتا۔(3) وہ صرف ایک وحی ہے جو نازل کی جاتی ہے۔(4)

عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَىٰ ﴿٥﴾ ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَىٰ ﴿٦﴾

تعلیم دی ہے اُس کو | نہایت مضبوط قوتوں والے نے | جو بڑی طاقت والا ہے | چنانچہ وہ بلند ہوا

اُس کو نہایت مضبوط قوتوں والے (فرشتے) نے تعلیم دی ہے۔(5) جو بڑی طاقت والا ہے، چنانچہ وہ بلند ہوا۔(6)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۝۷ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝۸

اس حال میں کہ وہ | آسمان کے کنارے پر تھا | بلند | پھر | وہ قریب آیا | پس وہ اُتر آیا

اس حال میں کہ وہ آسمان کے بلند کنارے پر تھا۔(7) پھر وہ قریب آیا پس وہ اُتر آیا۔(8)

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝۹ فَاَوْحٰٓى اِلٰى

چنانچہ وہ ہوا | برابر | دو کمانوں کے | یا اس سے زیادہ قریب | پھر اُس نے وحی کی | طرف

چنانچہ وہ دو کمانوں کے برابر یا اس سے زیادہ قریب ہوگیا۔(9) سو اس نے

عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝۱۰ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا

اُس کے بندے کی | جو کچھ | اُس نے وحی کی | نہیں | جھوٹ بولا | دل نے | جو

اللہ تعالیٰ کے بندے کی طرف وحی کی جو کچھ بھی اُس نے وحی کی۔(10) دل نے جھوٹ نہیں بولا جو

رَاٰى ۝۱۱ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝۱۲ وَلَقَدْ

اُس نے دیکھا | کیا پھر تم جھگڑتے ہو اس سے | اوپر | اس کے جو | وہ آنکھوں سے دیکھتا ہے | حالانکہ بلاشبہ یقیناً

اُس نے دیکھا(11) کیا پھر تم اس سے جھگڑتے ہو اس پر جسے وہ آنکھوں سے دیکھتا ہے؟(12) حالانکہ بلاشبہ یقیناً

رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝۱۳ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝۱۴

اس نے دیکھا اس کو | اُترتے ہوئے | ایک اور مرتبہ | پاس | انتہائی حد کی بیری کے

اُس (رسول) نے ایک مرتبہ اور بھی اُسے (جبریل) اُترتے ہوئے دیکھا تھا۔(13) انتہائی حد کی بیری کے پاس۔(14)

عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۝۱۵ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ

اس کے پاس ہے | ہمیشہ رہنے کی جنت | جب | ڈھانپ رہا تھا | (سدرہ) بیری کو

اسی کے پاس ہمیشہ رہنے کی جنت ہے۔(15) جب کہ سدرہ (بیری) کو ڈھانپ رہا تھا

مَا يَغْشٰى ۝۱۶ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝۱۷

وہ جو | ڈھانپ رہا تھا | نہ | اِدھر اُدھر ہوئی | نگاہ | اور نہ | وہ حد سے بڑھی

وہ جو ڈھانپ رہا تھا۔(16) نگاہ نہ ہی اِدھر اُدھر ہوئی اور نہ ہی وہ حد سے بڑھی۔(17)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿۱۸﴾ اَفَرَءَيْتُمُ

بلاشبہ یقیناً | اُس نے دیکھیں | کچھ نشانیاں | اپنے رب کی | بہت بڑی | کیا تم نے دیکھا

بلاشبہ یقیناً اُس نے اپنے رب کی کچھ بہت بڑی نشانیاں دیکھیں۔(18) کیا تم نے

اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿۱۹﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ﴿۲۰﴾ اَلَكُمُ

لات کو | اور عزیٰ کو | اور منات کو | تیسری | ایک اور | کیا تمہارے لیے

لات اور عزیٰ کو دیکھا؟(19) اور ایک تیسری منات کو؟(20) کیا تمہارے لیے

الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿۲۱﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿۲۲﴾

لڑکے | اور اس کے لیے | لڑکیاں | یہ | تب | تقسیم ہے | ناانصافی کی

لڑکے ہوں اور اُس کے لیے لڑکیاں؟(21) تب تو یہ بڑی ناانصافی کی تقسیم ہے۔(22)

اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ

نہیں | یہ | سوائے | چند ناموں کے | نام رکھ لیے تم نے اُن کے | تم نے

یہ (بت) کچھ نہیں سوائے چند ناموں کے جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں،

وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ

اور تمہارے باپ دادا نے | نہیں | نازل کی | اللہ تعالیٰ نے | ان کی | کوئی دلیل

ان کی اللہ تعالیٰ نے کوئی دلیل نازل نہیں کی

اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ

نہیں | وہ پیچھے چلتے | مگر | وہم وگمان کے | اور جو | چاہتے ہیں | دل (ان کے)

نہیں وہ پیچھے چلتے مگر وہم وگمان کے اور جو ان کے دل چاہتے ہیں۔

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ﴿۲۳﴾ اَمْ

حالانکہ بلاشبہ یقیناً | آچکی اُن کے پاس | اُن کے رب کی طرف سے | ہدایت | یا

حالانکہ بلاشبہ یقیناً اُن کے رب کی جناب سے اُن کے پاس ہدایت آچکی ہے۔(23) یا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع ۱ ۲۵ ۵

لِلۡاِنۡسَانِ مَا تَمَنّٰی ﴿ۖ۲۴﴾ فَلِلّٰهِ الۡاٰخِرَةُ وَالۡاُوۡلٰی ﴿٪۲۵﴾

انسان کے لیے ہے | جس کی وہ خواہش کرتا ہے | سو اللہ تعالیٰ کے لیے ہے | آخرت | اور دنیا

انسان کے لیے وہی ہے جس کی وہ خواہش کرتا ہے؟ (24) سو آخرت اور دنیا تو بس اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں۔ (25)

وَكَمۡ مِّنۡ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغۡنِيۡ شَفَاعَتُهُمۡ شَيۡـًٔا

اور کتنے ہی | فرشتے ہیں | آسمانوں میں | نہیں کام آسکتی | سفارش اُن کی | کچھ بھی

اور آسمانوں میں کتنے ہی فرشتے ہیں جن کی سفارش کچھ بھی کام نہیں آسکتی

اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ اَنۡ يَّاۡذَنَ اللّٰهُ لِمَنۡ يَّشَآءُ

مگر | اس کے بعد | یہ کہ | اجازت دے | اللہ تعالیٰ | جس کے لیے | وہ چاہے

مگر اُس کے بعد کہ اللہ تعالیٰ اجازت دے جس کے لیے چاہے

وَيَرۡضٰى ﴿۲۶﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ

اور پسند کرے | یقیناً | وہ لوگ جو | نہیں | ایمان لاتے | آخرت پر

اور پسند کرے۔ (26) یقیناً جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے،

لَيُسَمُّوۡنَ الۡمَلٰٓئِكَةَ تَسۡمِيَةَ الۡاُنۡثٰى ﴿۲۷﴾ وَمَا لَهُمۡ

بلاشبہ وہ نام رکھتے ہیں | فرشتوں کے | نام رکھنا | عورتوں کے سے | حالانکہ نہیں | اُنہیں

بلاشبہ وہ فرشتوں کے عورتوں کے سے نام رکھتے ہیں۔ (27) حالانکہ اُنہیں

بِهٖ مِنۡ عِلۡمٍ ؕ اِنۡ يَّتَّبِعُوۡنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ

اس کا | کوئی علم | نہیں | وہ پیچھے چلتے | مگر | گمان کے | اور بلاشبہ

اُس کا کوئی علم نہیں، وہ محض اپنے ہی گمان کے پیچھے چلتے ہیں اور بلاشبہ گمان

الظَّنَّ لَا يُغۡنِيۡ مِنَ الۡحَقِّ شَيۡـًٔا ﴿ۚ۲۸﴾ فَاَعۡرِضۡ عَنۡ مَّنۡ

گمان | نہیں وہ کام دے سکتا | حق سے | کچھ بھی | چنانچہ منہ پھیر لو | اُس سے جو

حق کی جگہ کچھ بھی کام نہیں دے سکتا۔ (28) چنانچہ اس سے منہ پھیر لو جو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ؕ ﴿۲۹﴾

منہ موڑتا ہے | ہماری نصیحت سے | اور نہیں | وہ چاہت رکھتا | مگر | دنیا کی زندگی کی

ہماری نصیحت سے منہ موڑتا ہے اور دنیا کی زندگی کے سوا کچھ نہیں چاہتا۔(29)

ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ

یہ | حد ہے اُن کی | علم میں | بلاشبہ | آپ کا رب | وہ | خوب جانتا ہے

یہ اُن کے علم کی حد ہے، بلاشبہ آپ کا رب ہی خوب جانتا ہے

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ

اُس کو جو | بھٹک گیا | اُس کے راستے سے | اور وہ | خوب جانتا ہے | اس کو جو

کہ اُس کے راستے سے کون بھٹک گیا ہے اور وہی خوب جانتا ہے کہ

اهْتَدٰى ﴿۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ

راہِ راست پر ہے | اور اللہ تعالیٰ کے لئے ہے | جو کچھ آسمانوں میں ہے | اور جو کچھ | زمین میں ہے

راہِ راست پر کون ہے؟(30) اور اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ

تاکہ وہ بدلہ دے | اُن لوگوں کو | جنہوں نے برائیاں کیں | ساتھ اُس کے جو | انہوں نے عمل کیا | اور وہ بدلہ دے

تاکہ جنہوں نے برائیاں کیں اُنہیں اس کا بدلہ دے جو انہوں نے عمل کیا

الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ﴿۳۱﴾ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ

ان لوگوں کو | جنہوں نے بھلائی کی | بھلائی کے ساتھ | وہ لوگ جو | بچتے ہیں | بڑے

اور جن لوگوں نے بھلائی کی انہیں بھلائی کے ساتھ بدلہ دے(31) وہ لوگ جو کسی

الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

گناہوں سے | اور بے حیائیوں سے | مگر | چھوٹے گناہ | یقیناً | تیرا رب

چھوٹے سے گناہ کے سوا بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے بچتے ہیں، یقیناً تیرا رب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ

وسیع مغفرت والا ہے | وہ | زیادہ جاننے والا ہے | تم سب کو | جب اس نے پیدا کیا تم سب کو

وسیع مغفرت والا ہے، وہ تمہیں اُس وقت سے زیادہ جاننے والا ہے جب اُس نے تمہیں زمین سے پیدا کیا

مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا

زمین سے | اور جب | تم سب | بچے تھے | پیٹوں میں | اپنی ماؤں کے | سو نہ

اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹوں میں بچے تھے، سو

تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾ ع

تم پاکیزگی کے دعوے کرو | اپنے نفس کی | وہ | زیادہ جاننے والا ہے | اُس کو جس نے | تقویٰ اختیار کیا

اپنے نفس کی پاکیزگی کے دعوے نہ کرو، وہ زیادہ جاننے والا ہے، اس کو جس نے تقویٰ اختیار کیا۔ (32)

اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ تَوَلّٰى ﴿۳۳﴾ وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ﴿۳۴﴾

تو کیا آپ نے دیکھا | اُس کو جس نے منہ موڑا | اور اُس نے دیا | تھوڑا سا | اور رُک گیا

تو کیا آپ نے دیکھا اُس شخص کو جس نے مُنہ موڑا؟ (33) اور اس نے تھوڑا سا دیا اور رُک گیا۔ (34)

اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿۳۵﴾ اَمْ لَمْ

کیا اُس کے پاس | علم ہے | غیب کا | کہ وہ | دیکھ رہا ہے | یا | نہیں

کیا اُس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ دیکھ رہا ہے؟ (35)

يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى ﴿۳۶﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ

خبر دی گئی | اس کی جو | صحیفوں میں ہے | موسیٰ کے | اور ابراہیم کے | وہ جس نے

یا اُن باتوں کی اُسے خبر نہیں دی گئی جو موسیٰ کے صحیفوں میں ہے؟ (36) اور ابراہیم (کے صحیفوں میں) جس نے

وَفّٰٓى ﴿۳۷﴾ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ﴿۳۸﴾

وفا کی | یہ کہ نہ | بوجھ اُٹھائے گی | کوئی بوجھ اُٹھانے والی (جان) | بوجھ | دوسرے کا

وفا کا حق ادا کر دیا؟ (37) یہ کہ کوئی بوجھ اُٹھانے والی (جان) کسی دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائے گی۔ (38)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿۳۹﴾ وَاَنَّ

اور یہ کہ | نہیں | انسان کے لیے | مگر | جس کی | اُس نے کوشش کی | اور بلاشبہ

اور یہ کہ انسان کے لیے صرف وہی ہے جس کی خود اُس نے کوشش کی۔(39) اور بلاشبہ

سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ﴿۴۰﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ

کوشش اُس کی | جلد ہی | اسے دکھائی جائے گی | پھر | اسے بدلہ دیا جائے گا اس کا | بدلہ

اُس کی کوشش جلد ہی اسے دکھائی جائے گی۔(40) پھر اُسے اس کا بدلہ دیا جائے گا،

الْاَوْفٰى ﴿۴۱﴾ وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ﴿۴۲﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ

پورا | اور بلاشبہ | طرف | آپ کے رب کی | انتہا ہے | اور بے شک وہ | اُسی نے

پورا بدلہ۔(41) اور بلاشبہ آپ کے رب تک ہی انتہا ہے۔(42) اور یہ کہ بے شک

اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ﴿۴۳﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿۴۴﴾

ہنسایا | اور اُسی نے رُلایا | اور بے شک وہ | اس نے | موت دی | اور اس نے زندگی دی

اسی نے ہنسایا اور اسی نے رُلایا۔(43) اور یہ کہ بے شک اسی نے موت دی اور اسی نے زندگی دی۔(44)

وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۴۵﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ

اور یہ کہ بلاشبہ | اُسی نے پیدا کیے | دو قسمیں/جوڑا | نر | اور مادہ | نطفے سے

اور یہ کہ بلاشبہ اُسی نے نر اور مادہ کا جوڑا پیدا کیا۔(45) ایک نطفے سے

اِذَا تُمْنٰى ﴿۴۶﴾ وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿۴۷﴾

جب | ٹپکایا جاتا ہے | اور بلاشبہ | اس کے ذمے ہے | پیدا کرنا | دوبارہ

جب وہ ٹپکایا جاتا ہے۔(46) اور یہ کہ بلاشبہ اُسی کے ذمے ہی دوبارہ پیدا کرنا ہے۔(47)

وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ﴿۴۸﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ

اور بے شک وہ | اُس نے | مال دار کیا | اور اُسی نے خزانہ بخشا | اور بے شک وہ | وہی | رب ہے

اور یہ کہ بے شک اسی نے مال دار کیا اور خزانہ بخشا۔(48) اور بے شک وہی شِعریٰ (ستارہ) کا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الشِّعْرٰى ﴿٤٩﴾ وَاَنَّهٗٓ اَهْلَكَ عَادَاۨ الْاُوْلٰى ﴿٥٠﴾ وَثَمُوْدَا فَمَآ

شعریٰ کا اور بلاشبہ اُسی نے ہلاک کیا پہلی قوم عاد کو اور ثمود کو چنانچہ نہ

رب ہے۔(49) اور یہ کہ بلاشبہ اُسی نے پہلی قوم عاد کو ہلاک کیا ہے۔(50) اور ثمود کو بھی، چنانچہ

اَبْقٰى ﴿٥١﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ

اس نے باقی چھوڑا اور قومِ نوح کو اس سے پہلے بلاشبہ وہ تھے وہ سب

کسی کو باقی نہ چھوڑا۔(51) اور اُن سے پہلے قومِ نوح کو، بلاشبہ وہ

اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿٥٢﴾ وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿٥٣﴾

بہت زیادہ ظالم اور بہت حد سے بڑھے ہوئے اور اُلٹ جانے والی بستی کو اس نے گرا دیا

بہت زیادہ ظالم اور بہت حد سے بڑھے ہوئے تھے۔(52) اور اس نے اُلٹ جانے والی بستی کو گرا دیا۔(53)

فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿٥٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ

سو اُس نے ڈھانپ دیا اُس پر جس سے ڈھانپ دیا پس کس میں نعمتوں میں سے اپنے رب کی

سو اُس نے ڈھانپ دیا اسے جس سے ڈھانپا۔(54) پس اپنے رب کی نعمتوں میں سے

تَتَمَارٰى ﴿٥٥﴾ هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿٥٦﴾ اَزِفَتِ

آپ شک کرو گے یہ ڈرانے والا ڈرانے والوں میں سے پہلے قریب آ گئی

کس میں آپ شک کرو گے؟(55) یہ بھی پہلے ڈرانے والوں میں سے ایک ڈرانے والا ہے۔(56) قریب آنے والی

الْاٰزِفَةُ ﴿٥٧﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾ اَفَمِنْ

قریب آنے والی نہیں ہے اُس کے لیے سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی ظاہر کرنے والا تو کیا

قریب آ گئی ہے۔(57) اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اُس کو ظاہر کرنے والا نہیں ہے۔(58) تو کیا تم

هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿٦٠﴾

اس بات پر تم تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو

اس بات پر تعجب کرتے ہو؟(59) اور ہنستے ہو؟ اور روتے نہیں ہو؟(60)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾ السجدۃ

اورتم سب | غافل ہو | تو سجدہ کرو | اللہ تعالیٰ کے لیے | اور عبادت کرو اُسی کی

اورتم غافل ہو۔(61) تواب اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرواوراُسی کی عبادت کرو۔(62)

ایاتھا ۵۵ — ۵۴ سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ ۳۷ — رکوعاتھا ۳

سُورہ قمر مکی ہے اس میں پچپن آیات اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿۱﴾ وَاِنْ يَّرَوْا

بہت قریب آگئی | قیامت | اور پھٹ گیا | چاند | اوراگر | وہ دیکھتے ہیں

بہت قریب آگئی قیامت اور چاند پھٹ گیا۔(1) اوراگروہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں

اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ﴿۲﴾ وَكَذَّبُوْا

کوئی نشانی | تومنہ موڑ جاتے ہیں | اور کہتے ہیں | ایک جادو ہے | گزرجانے والا | اورانہوں نے جھٹلایا

تومنہ موڑ جاتے ہیں اور کہتے ہیں: "یہ ایک جادو ہے جو گزرجانے والا ہے۔"(2) اوراُنہوں نے جھٹلایا

وَاتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ﴿۳﴾ وَلَقَدْ

اور وہ پیچھے چلے | اپنی خواہشات کے | اور ہر کام | انجام کو پہنچنے والا ہے | اور بلاشبہ یقیناً

اور وہ اپنی خواہشات کے پیچھے چلے،اور ہر کام انجام کو پہنچنے والا ہے۔(3) اور بلاشبہ یقیناً

جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ﴿۴﴾ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ

آتی ہیں ان کے پاس | کئی خبریں | جن میں | نصیحت ہے | کامل دانائی کی بات ہے

ان کے پاس کئی خبریں آئی ہیں جن میں نصیحت ہے۔(4) کامل دانائی کی بات ہے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وقف لازم

فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ۝٥ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ

پھر نہیں | فائدہ دیتیں | تنبیہات | چنانچہ آپ منہ پھیر لیں | ان سے | جس دن

پھر بھی تنبیہات انہیں فائدہ نہیں دیتیں۔(5) چنانچہ آپ اُن سے منہ پھیر لیں۔ جس دن

يَدْعُ الدَّاعِ إِلَىٰ شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝٦ خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ

پکارے گا | پکارنے والا | طرف | سخت ناگوار چیز کی | جھکی ہوئی | نگاہیں ان کی

پکارنے والا ایک سخت ناگوار چیز کی طرف پکارے گا۔(6) ان کی نگاہیں جھکی ہوئی ہوں گی،

يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنتَشِرٌ ۝٧

وہ نکلیں گے | اپنی قبروں سے | گویا کہ وہ | ٹڈیاں ہیں | منتشر

وہ اپنی قبروں سے ایسے نکلیں گے گویا وہ منتشر ٹڈیاں ہوں۔(7)

مُّهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ ۖ يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَٰذَا يَوْمٌ

گردن اُٹھا کر دوڑنے والے | طرف | پکارنے والے کی | کہیں گے | کافر | یہ ہے | دن

گردن اُٹھا کر پکارنے والے کی طرف دوڑنے والے ہوں گے، کافر کہیں گے: "یہ تو بڑا مشکل

عَسِرٌ ۝٨ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا

بڑا مشکل | جھٹلایا | ان سے پہلے | قوم نوح نے | تو انہوں نے جھٹلایا | ہمارے بندے کو

دن ہے۔(8) ان سے پہلے نوح کی قوم نے جھٹلایا تھا تو اُنہوں نے ہمارے بندے کو جھٹلایا

وَقَالُوا مَجْنُونٌ وَازْدُجِرَ ۝٩ فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي

اور انہوں نے کہا | دیوانہ ہے | اور اسے جھڑکا گیا | تو اس نے پکارا | اپنے رب کو | یقیناً میں

اور کہا: "دیوانہ ہے۔" اور اُسے جھڑکا گیا۔(9) تو اُس نے اپنے رب کو پکارا: "میں

مَغْلُوبٌ فَانتَصِرْ ۝١٠ فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ

بے بس ہوں | سو تو بدلہ لے | چنانچہ کھول دیے ہم نے | دروازے | آسمان کے | پانی سے

بے بس ہوں سو تو بدلہ لے!" (10) چنانچہ ہم نے آسمان کے دروازے ایسے پانی سے کھول دیے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ

زور سے برسنے والی بارش اور ہم نے پھاڑ دیا زمین کو چشموں سے تو مل گیا پانی

جو زور سے برسنے والا تھا۔(11) اور ہم نے زمین کو چشموں سے پھاڑ دیا تو اس کام پر جو طے ہو چکا تھا

عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ

اس کام پر بلاشبہ جو طے ہو چکا تھا اور ہم نے سوار کر دیا اس کو تختوں والی پر

سارا پانی مل گیا۔(12) اور نوح کو ہم نے کیلوں اور تختوں والی (کشتی) پر

وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ

اور کیلوں (والی پر) چلتی رہی ہماری آنکھوں کے سامنے بدلہ اس شخص کے لئے تھا

سوار کر دیا۔(13) جو ہماری آنکھوں کے سامنے چلتی رہی، یہ تھا بدلہ اس شخص کے لیے

كُفِرَ ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾

جس کا انکار کیا گیا اور بلاشبہ یقیناً ہم نے چھوڑ دیا اس کو نشانی تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا

جس کا انکار کیا گیا تھا۔(14) اور بلاشبہ یقیناً اس کو ہم نے ایک نشانی بنا کر چھوڑ دیا ہے تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟(15)

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا

پھر کیسا تھا میرا عذاب اور ڈرانا میرا اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آسان کر دیا

پھر کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا!(16) اور بلاشبہ یقیناً ہم نے

الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ

قرآن کو نصیحت کے لئے تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا جھٹلایا عاد نے

قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے، تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟(17) عاد نے جھٹلایا

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۱۸﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

تو کیسا تھا عذاب میرا اور ڈرانا میرا یقیناً ہم نے بھیج دی ان پر

تو کیسا تھا میرا عذاب اور کیسا تھا میرا ڈرانا؟(18) اور یقیناً ہم نے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رِيْحًا	صَرْصَرًا	فِيْ يَوْمِ	نَحْسٍ	مُّسْتَمِرٍّ ﴿١٩﴾	تَنْزِعُ	
ہوا	تند و تیز	دن میں	نحوست کے	دائمی	وہ اٹھا کر پھینکتی تھی	

دائمی نحوست کے دن ان پر تند و تیز ہوا بھیج دی۔(19) وہ لوگوں کو اُٹھا اُٹھا کر پھینک رہی تھی

النَّاسَ	كَاَنَّهُمْ	اَعْجَازُ	نَخْلٍ	مُّنْقَعِرٍ ﴿٢٠﴾	فَكَيْفَ	كَانَ
لوگوں کو	گویا کہ وہ	تنے ہوں	کھجور کے	اکھڑے ہوئے	پھر کیسا	تھا

گویا وہ کھجور کے اُکھڑے ہوئے تنے ہوں۔(20) پھر کیسا تھا میرا عذاب

عَذَابِيْ	وَنُذُرِ ﴿٢١﴾	وَلَقَدْ	يَسَّرْنَا	الْقُرْاٰنَ	لِلذِّكْرِ	
میرا عذاب	اور ڈرانا میرا	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے آسان کر دیا	قرآن کو	نصیحت کے لئے	

اور کیسا تھا میرا ڈرانا؟ (21) اور بلاشبہ یقیناً ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا تو

ع ۲۲/۱ ۸

فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٢٢﴾	كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	بِالنُّذُرِ ﴿٢٣﴾		
چنانچہ کیا ہے	کوئی نصیحت قبول کرنے والا	جھٹلایا	ثمود نے	خبردار کرنے والوں کو		

کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ (22) ثمود نے خبردار کرنے والوں کو جھٹلایا۔(23)

فَقَالُوْٓا	اَبَشَرًا	مِّنَّا	وَاحِدًا	نَّتَّبِعُهٗٓ	اِنَّآ	
پس انہوں نے کہا	کیا ایک انسان	ہم ہی میں سے	ایک	ہم پیچھے چلیں اس کے	یقیناً ہم	

پس انہوں نے کہا: ”کیا ہم ہی میں سے ایک انسان ہو ہم اس کے پیچھے چلیں؟

اِذًا	لَّفِيْ ضَلٰلٍ	وَّسُعُرٍ ﴿٢٤﴾	ءَاُلْقِيَ	الذِّكْرُ	عَلَيْهِ	
تب	یقیناً بڑی گمراہی میں ہوں گے	اور دیوانگی میں	کیا نازل کیا گیا	ذکر	اسی پر	

تب تو ہم یقیناً گمراہی اور دیوانگی میں ہوں گے۔(24) کیا ہمارے درمیان میں سے اُسی پر ذکر نازل کیا گیا؟ بلکہ

مِنْۢ بَيْنِنَا	بَلْ	هُوَ	كَذَّابٌ	اَشِرٌ ﴿٢٥﴾	سَيَعْلَمُوْنَ	غَدًا
ہمارے درمیان میں سے	بلکہ	وہ	بڑا جھوٹا ہے	خود پسند	جلد ہی وہ جان لیں گے	کل

وہ بڑا جھوٹا، خود پسند ہے۔“ (25) جلد ہی کل وہ جان لیں گے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

مَنِ	الْكَذَّابُ	الْأَشِرُ ﴿٢٦﴾	إِنَّا	مُرْسِلُوا	النَّاقَةِ
کون	بڑا جھوٹا ہے	خود پسند ہے	یقیناً ہم	بھیجنے والے ہیں	ایک اونٹنی

کہ کون بڑا جھوٹا اور خود پسند ہے؟ (26) یقیناً ہم ایک اُونٹنی اُن کی آزمائش کے لیے

فِتْنَةً	لَّهُمْ	فَارْتَقِبْهُمْ	وَاصْطَبِرْ ﴿٢٧﴾	وَنَبِّئْهُمْ
آزمائش	ان کے لئے	چنانچہ آپ انتظار کریں	اور اچھی طرح صبر کریں	اور بتا دیں انہیں

بھیجنے والے ہیں، چنانچہ آپ انتظار کریں اور اچھی طرح صبر کریں۔ (27) اور اُنہیں بتا دیں

أَنَّ	الْمَاءَ	قِسْمَةٌ	بَيْنَهُمْ ۚ	كُلُّ	شِرْبٍ	مُّحْتَضَرٌ ﴿٢٨﴾
یقیناً	پانی	تقسیم ہوگا	درمیان ان کے	ہر ایک کی	پینے کی باری	حاضر کی گئی ہے

کہ پانی اُن کے (اور اونٹنی کے) درمیان تقسیم ہوگا، ہر ایک پینے کی باری حاضر کی گئی ہے۔ (28)

فَنَادَوْا	صَاحِبَهُمْ	فَتَعَاطَىٰ	فَعَقَرَ ﴿٢٩﴾	فَكَيْفَ
تو انہوں نے پکارا	اپنے ساتھی کو	سو اس نے پکڑا اُسے	پس اس نے کونچیں کاٹ ڈالیں	تو کیسا

تو اُنہوں نے اپنے ساتھی کو پکارا سو اُس نے اسے پکڑا پس اُس نے (اُونٹنی کو) کاٹ ڈالا۔ (29)

كَانَ	عَذَابِي	وَنُذُرِ ﴿٣٠﴾	إِنَّا	أَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	صَيْحَةً
تھا	عذاب میرا	اور ڈرانا میرا	بلاشبہ ہم نے	بھیجی	ان پر	چنگھاڑ

پھر کیسا تھا میرا عذاب اور کیسا تھا میرا ڈرانا؟ (30) بلاشبہ ہم نے ایک ہی چنگھاڑ بھیجی،

وَاحِدَةً	فَكَانُوا	كَهَشِيمِ	الْمُحْتَظِرِ ﴿٣١﴾	وَلَقَدْ
ایک ہی	چنانچہ وہ ہو گئے	روندی ہوئی باڑ کی طرح	باڑ لگانے والے کی	اور بلاشبہ یقیناً

چنانچہ وہ باڑ لگانے والے کی روندی ہوئی باڑ کی طرح ہو کر رہ گئے۔ (31) اور بلاشبہ یقیناً

يَسَّرْنَا	الْقُرْآنَ	لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِن مُّدَّكِرٍ ﴿٣٢﴾
ہم نے آسان کر دیا	قرآن کو	نصیحت کے لئے	تو کیا ہے	کوئی نصیحت قبول کرنے والا

ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا، تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ (32)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍۭ بِالنُّذُرِ ﴿٣٣﴾ إِنَّآ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

جھٹلایا قوم لوط نے ڈرانے والوں کو یقیناً ہم نے بھیجی ان پر

لُوط کی قوم نے بھی ڈرانے والوں کو جھٹلایا۔(33) یقیناً ہم نے اُن پر

حَاصِبًا إِلَّآ ءَالَ لُوطٍ ۖ نَّجَّيْنَٰهُم بِسَحَرٍ ﴿٣٤﴾

پتھراؤ کرنے والی ہوا سوائے آلِ لوط کے بچالیا ہم نے ان کو سحری کے وقت

پتھراؤ کرنے والی ہوا بھیجی، آلِ لُوط کے سوا، ہم نے اُن کو سحری کے وقت بچالیا۔(34)

نِّعْمَةً مِّنْ عِندِنَا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِى مَن شَكَرَ ﴿٣٥﴾

فضل کرکے اپنی جانب سے ایسے ہی ہم بدلہ دیتے ہیں جو شکر کرے

اپنی جانب سے فضل کرکے بچایا ہے، ہم ایسے ہی ہر اُس شخص کو جزا دیتے ہیں جو شکر کرے۔(35)

وَلَقَدْ أَنذَرَهُم بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا۟ بِالنُّذُرِ ﴿٣٦﴾

اور بلاشبہ یقیناً اس نے ڈرایا ان کو ہماری پکڑ سے تو انہوں نے شک کیا ڈراوے میں

اور بلاشبہ یقیناً لُوط نے اُنہیں ہماری پکڑ سے ڈرایا تو اُنہوں نے ڈراوے میں شک کیا۔(36)

وَلَقَدْ رَٰوَدُوهُ عَن ضَيْفِهِۦ فَطَمَسْنَآ

اور بلاشبہ یقیناً انہوں نے بہکانے کی کوشش کی اس کو اس کے مہمانوں سے تو ہم نے مٹادیں

اور بلاشبہ یقیناً اُنہوں نے لوط کو اُس کے مہمانوں سے بہکانے کی کوشش کی، تو ہم نے

أَعْيُنَهُمْ فَذُوقُوا۟ عَذَابِى وَنُذُرِ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ

آنکھیں ان کی سو چکھو عذاب میرا اور میرا ڈرانا اور بلاشبہ یقیناً

اُن کی آنکھیں مٹادیں، سو چکھو میرا عذاب اور میرا ڈرانا۔(37) اور بلاشبہ یقیناً

صَبَّحَهُم بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾ فَذُوقُوا۟ عَذَابِى

حملہ کردیا ان پر سویرے ایک نہ ٹلنے والے عذاب نے سو چکھو عذاب میرا

صبح سویرے ہی ایک نہ ٹلنے والے عذاب نے اُن پر حملہ کردیا۔(38) سو اب چکھو میرا عذاب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَنُذُرِ ﴿۳۹﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ

اور میرا ڈراوا | اور بلاشبہ یقیناً | آسان کر دیا ہم نے | قرآن کو | نصیحت کے لئے | تو کیا ہے

اور میرا ڈراوا۔(39) اور بلاشبہ یقیناً ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا

ع ۲ ۱۸ ۹

مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۴۰﴾ ع وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿۴۱﴾ ج

کوئی نصیحت قبول کرنے والا | اور بلاشبہ یقیناً | آئے تھے | آل فرعون (کے پاس) | ڈرانے والے

تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ (40) اور آلِ فرعون کے پاس ڈرانے والے آئے تھے۔(41)

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ

جھٹلایا انہوں نے | ہماری نشانیوں کو | سب کو | تو پکڑ لیا ہم نے انہیں | پکڑنا

اُنہوں نے ہماری سب نشانیوں کو جھٹلایا تو ہم نے اُنہیں پکڑ لیا،

عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۴۲﴾ اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ

سب پر غالب | بے حد قدرت والے کا | کیا تمہارے کافر | بہتر ہیں | ان سے

سب پر غالب، بے حد قدرت والے کی طرح پکڑنا۔(42) کیا تمہارے کافر اُن سے بہتر ہیں؟

اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿۴۳﴾ ج اَمْ يَقُوْلُوْنَ

یا | تمہارے لیے | معافی ہے | اگلی کتابوں میں | یا | وہ کہتے ہیں

یا تمہارے لیے اگلی کتابوں میں معافی ہے؟(43) یا وہ کہتے ہیں کہ

نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿۴۴﴾ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ

ہم | ایک جماعت ہیں | بدلہ لے کر رہنے والے | جلد ہی شکست دی جائے گی | جماعت کو

ہم بدلہ لے کر رہنے والی جماعت ہیں؟(44) جلد ہی اُس جماعت کو شکست دی جائے گی

وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ

اور وہ بھاگ کھڑے ہوں گے | پیٹھ پھیر کر | بلکہ | قیامت | وعدے کا وقت ہے ان کے

اور وہ پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے ہوں گے۔(45) بلکہ قیامت اُن کے وعدے کا وقت ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالسَّاعَةُ	اَدْهٰى	وَاَمَرُّ ﴿۴۶﴾	اِنَّ	الْمُجْرِمِيْنَ
اور قیامت	زیادہ بڑی آفت ہے	اور زیادہ تلخ ہے	بلاشبہ	مجرم لوگ

اور قیامت زیادہ بڑی آفت اور زیادہ تلخ ہے۔(46) بلاشبہ مجرم لوگ

فِيْ ضَلٰلٍ	وَّسُعُرٍ ﴿۴۷﴾	يَوْمَ	يُسْحَبُوْنَ	فِي النَّارِ
گمراہی میں ہیں	اور دیوانگی میں	جس دن	انہیں گھسیٹا جائے گا	آگ میں

گمراہی اور دیوانگی میں ہیں۔(47) جس دن اُنہیں چہروں کے بل آگ میں

عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ؕ	ذُوْقُوْا	مَسَّ سَقَرَ ﴿۴۸﴾	اِنَّا	كُلَّ شَيْءٍ
ان کے چہروں کے بل	سب چکھو	آگ کا چھونا	بلاشبہ ہم نے	ہر چیز کو

گھسیٹا جائے گا، چکھو آگ کا چھونا۔(48) ہم نے بلاشبہ ہر چیز کو

خَلَقْنٰهُ	بِقَدَرٍ ﴿۴۹﴾	وَمَآ	اَمْرُنَآ	اِلَّا	وَاحِدَةٌ
پیدا کیا اس کو	ایک اندازے کے ساتھ	اور نہیں	حکم ہمارا	مگر	ایک ہی بار

ایک اندازے کے ساتھ پیدا کیا ہے۔(49) اور ہمارا حکم ایک ہی بار

كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ﴿۵۰﴾	وَلَقَدْ	اَهْلَكْنَآ	اَشْيَاعَكُمْ	فَهَلْ
پلک جھپکنے کی طرح	اور بلاشبہ یقیناً	ہلاک کر چکے ہم	تمہارے جیسی جماعتوں کو	تو کیا ہے

پلک جھپکنے کی طرح ہوتا ہے۔(50) اور بلاشبہ یقیناً تمہارے جیسی جماعتوں کو ہم ہلاک کر چکے، تو کیا ہے

مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۵۱﴾	وَكُلُّ شَيْءٍ	فَعَلُوْهُ	فِي الزُّبُرِ ﴿۵۲﴾	وَكُلُّ
کوئی نصیحت قبول کرنے والا	اور ہر وہ چیز	جو انہوں نے کی	دفتروں میں (درج) ہے	اور ہر

کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟(51) اور ہر وہ چیز جو اُنہوں نے کی وہ دفتروں میں درج ہے۔(52) اور ہر

صَغِيْرٍ	وَّكَبِيْرٍ	مُّسْتَطَرٌ ﴿۵۳﴾	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ جَنّٰتٍ
چھوٹی	اور بڑی	لکھی ہوئی ہے	بلاشبہ	متقی لوگ	باغات میں ہوں گے

چھوٹی بڑی بات لکھی ہوئی ہے۔(53) بلاشبہ متقی لوگ باغوں

وقف لازم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع ۳ ۱۵ ۱۰

وَّنَهَرٍ ﴿٥٤﴾ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٥٥﴾

اور نہروں میں | صدق کی مجلس میں | پاس | بادشاہ کے | بڑے ذی اقتدار کے

اور نہروں میں ہوں گے۔(54) صدق کی مجلس میں، بڑے ذی اقتدار بادشاہ کے پاس۔(55)

آیاتها ۷۸ — ۵۵ سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ ۹۷ — رکوعاتها ۳

سورہ رحمٰن مدنی ہے اس میں اٹھتر آیات اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

اَلرَّحْمٰنُ ﴿١﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿٢﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿٣﴾

وسیع رحمت والے نے | تعلیم دی | قرآن کی | اس نے پیدا کیا | انسان کو

وسیع رحمت والے نے۔(1) قرآن کی تعلیم دی۔(2) اُس نے انسان کو پیدا کیا۔(3)

عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿٤﴾ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿٥﴾ وَّالنَّجْمُ

اسے سکھایا | بولنا | سورج | اور چاند | ایک حساب سے ہیں | اور بے تنے کے پودے

اُسے بولنا سکھایا۔(4) سورج اور چاند ایک حساب سے ہیں۔(5) اور بے تنے کے پودے

وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿٦﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ﴿٧﴾

اور درخت | سجدہ کر رہے ہیں | اور آسمان کو | اس نے بلند کیا | اور قائم کردی | میزان

اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔(6) اور آسمان کو اُس نے بلند کیا اور میزان قائم کردی۔(7)

اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿٨﴾ وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ

کہ نہ | تم سب حد سے تجاوز کرو | ناپ تول میں | اور قائم کرو | وزن کو | انصاف کے ساتھ

کہ تم ناپ تول میں حد سے تجاوز نہ کرو۔(8) اور انصاف کے ساتھ وزن قائم کرو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ ﴿٩﴾ وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ﴿١٠﴾ فِيهَا

اور نہ گھاٹا دو ناپ تول میں اور زمین کو اس نے بچھایا اس کو مخلوق کے لیے اس میں

اور ناپ تول میں گھاٹا نہ دو۔(9) اور زمین کو اُس نے مخلوق کے لیے بچھا دیا۔(10) اس میں

فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ﴿١١﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ

پھل ہیں اور کھجور کے درخت غلافوں والے اور اناج بھوسے والا

پھل ہیں اور کھجور کے درخت غلافوں والے (خوشوں پر) ہیں۔(11) اور بھوسے والا اناج ہے

وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٣﴾ خَلَقَ

اور خوشبودار پھول تو کن کن نعمتوں کو اپنے رب کی تم دونوں جھٹلاؤ گے اس نے پیدا کیا

اور خوشبودار پھول ہیں۔(12) تو اے جن وانس! تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟(13) اُس نے

الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾ وَخَلَقَ الْجَانَّ

انسان کو کھنکناتی مٹی سے ٹھیکری جیسی تھی اور اس نے پیدا کیا جن کو

انسان کو کھنکناتی مٹی سے پیدا کیا جو ٹھیکری جیسی تھی۔(14) اور اُس نے جن کو

مِنْ مَارِجٍ مِنْ نَارٍ ﴿١٥﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٦﴾

شعلے سے آگ کے تو کن کن نعمتوں کو اپنے رب کی تم دونوں جھٹلاؤ گے

آگ کے شعلے سے پیدا کیا۔(15) تو اے جن وانس! تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟(16)

رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ

رب ہے دونوں مشرقوں کا اور رب ہے دونوں مغربوں کا تو کن کن نعمتوں کو

دونوں مشرقوں کا وہی رب ہے اور دونوں مغربوں کا وہی رب ہے۔(17) تو اے جن وانس! تم دونوں اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٨﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ ﴿١٩﴾

اپنے رب کی دونوں جھٹلاؤ گے اس نے ملا دیا دو سمندروں کو وہ باہم مل جاتے ہیں

کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟(18) دو سمندروں کو اُس نے ملا دیا، جو ایسے باہم مل جاتے ہیں۔(19)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَيْنَهُمَا	بَرْزَخٌ	لَّا يَبْغِيٰنِ ۚ ﴿٢٠﴾	فَبِاَيِّ	اٰلَآءِ
ان دونوں کے درمیان	ایک پردہ ہے	وہ آگے نہیں بڑھتے	تو کن کن	نعمتوں کو

کہ اُن دونوں کے درمیان پردہ ہے کہ وہ آگے نہیں بڑھتے۔(20) تو اے جن وانس! تم دونوں اپنے رب کی کن کن

رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ ﴿٢١﴾	يَخْرُجُ	مِنْهُمَا	اللُّؤْلُؤُ	وَالْمَرْجَانُ ۚ ﴿٢٢﴾
اپنے رب کی	دونوں جھٹلاؤ گے	نکلتے ہیں	ان دونوں سے	موتی	اور مونگے

نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟(21) اُن دونوں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں۔(22)

فَبِاَيِّ	اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾	وَلَهُ	الْجَوَارِ
